# 12-10-2024 Saturday URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر زراعت ٹی ناگیشور راؤ نے یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ پام آئل کی قیمت کی بہتری کے اقدامات کریں گے اوراس کی قیمت 20 ہزار روپے فی ٹن کو یقینی بنانے کے اقدامات کئے جائیں گے۔

۲۔ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ پوری دنیا تھرمل پاور سے گرین پاور کی طرف قدم اٹھا رہی ہے اور ریاست اگلے پانچ سالوں میں 20 ہزار میگا واٹ گرین پاور کی پیداوار کی سمت کام کر رہی ہے۔

۳۔ دونوں تلگو ریاستوں میں وجے دشمی کا تہوار روایتی جوش وخروش سے منایا گیا۔

۴۔ ہندوستان اور بنگلہ دیش کا آج رات 7 بجے راجیو گاندھی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم ، اپل میں تیسرا اور آخری ٹی 20 میچ میں ہوگا۔

☆☆☆

عثمانیہ یونیورسٹی کے رجسٹرار لکشمی نارائنا نے کہا کہ سمسٹر امتحانات اور مسابقتی امتحانات کے انعقاد کے دوران خانگی ڈگری اور پی جی کالجوں کو غیر معینہ مدت کے لیے بند کرنے کا اعلان کرنا غیر معقول ہے۔ وہ متعلقہ تعلیمی اداروں کی جانب سے فیس ری ایمبر سمنٹ روکنے کے خلاف احتجاجی بیان پر ردعمل دے رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ڈگری، پی جی اکیڈمک سمسٹر اور گروپ ملازمتوں کے مسابقتی امتحانات کے وقت ایسے فیصلے سے طلباء اور بے روزگار افراد کو نقصان اٹھانا پڑے گا۔ رجسٹرار نے خبر دار کیا کہ اگر کالجس بند ہوئے تو قانونی کارروائی ہوگی۔

☆☆☆

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آج اور کل ریاست کے کئی حصوں میں اوسط بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق عادل آباد، ورنگل، کھمم، نلگنڈہ، محبوب نگر اضلاع میں بارش ہوگی اور تقریباً 40 کلو میٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلیں گی۔

☆☆☆

ریاستی منصوبہ بندی کمیشن کے نائب صدر ڈاکٹر چنا ریڈی نے آج ونپرتی ضلع ہیڈ کوارٹر کے چٹیا لو میں یتیم خانہ کی تعمیر کے لیے سنگ بنیاد رکھا۔

☆☆☆

بی آر ایس لیڈر اور سابق وزیر ہریش راؤ نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بی جے پی اور کانگریس کے ارکان اسمبلی فنڈ حاصل کرنے میں ناکام رہے ہیں جبکہ مرکز ریاست کو واجب الادا فنڈز دینے میں جانبدارانہ رویہ اختیار کئے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے 8 بی جے پی ارکان پارلیمنٹ اور دو مرکزی وزرا کے باوجود بھی وہ ایک روپیہ بھی حاصل نہیں کر سکے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ پڑوسی ریاست کے مقابلے مرکزی بجٹ میں اضافی گرانٹ کم کر دی گئی ہے۔ ہریش راؤ نے کہا کہ آندھرا پردیش کو رقمی الاٹمنٹ پر کوئی اعتراض نہیں ہے تاہم ان کا مطالبہ ہے کہ تلنگانہ کے لیے بھی ایسا ہی کیا جائے۔

☆☆☆

وزیرزراعت ٹی ناگیشورراؤ نے یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ پام آئل کی قیمت کی بہتری کے اقدامات کریں گے اوراس کی قیمت 20 ہزارروپے فی ٹن کو یقینی بنانے کے اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ضرورت پڑی تو وہ ریاستی عہدیداروں کے ساتھ دہلی کا دورہ کریں گے۔ نائب وزیراعلی ملو بھٹی وکرامارکا نے وزیر ریونیو پی سرینواس ریڈی کے ساتھ آج بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے اشواراؤ پیٹ میں پام آئل فیکٹری میں 2.5 میگاواٹ پاور پلانٹ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر ناگیشورراو نے یاددلایا کہ 1986 میں اُس وقت کے وزیراعلی این ٹی راماراؤ نے مغربی گوداوری ضلع میں پام آئل لگایا تھا اور 1990 کے بعد چار سال میں تلنگانہ میں اس کی توسیع ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد کے علاوہ ریاست کے تمام اضلاع میں پام آئل کی کاشت کی اجازت مل گئی ہے۔ انہوں نے وزیر ریونیو سے کہا کہ وہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کریں کہ ہر ایک کسان جس کے پاس اراضی ہے اسے پام آئل پلانٹ ملے ۔انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لئے قرض کا عمل 9 دسمبر تک مکمل کرلیا جائے گا۔ وزیر زراعت نے یقین دلایا کہ فصل بیمہ اسکیم کو بھی نافذ کیا جائے گا۔

☆☆☆

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ پوری دنیا تھرمل پاور سے گرین پاور کی طرف قدم اٹھا رہی ہے اور ریاست اگلے پانچ سالوں میں 20 ہزار میگاواٹ گرین پاور کی پیداوار کی سمت کام کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ درآمدی ڈیوٹی بڑھا کر 28 فیصد کردی گئی ہے اور ہمارے پام آئل کی اقل ترین امدادی قیمت کی طرف قدم اٹھایا گیا ہے۔ نائب وزیراعلیٰ نے یقین دلایا کہ ریاستی حکومت کسانوں کے لیے فصل بیمہ کا پریمیم برداشت کرے گی۔

☆☆☆

دونوں تلگو ریاستوں میں وجے دشمی کا تہوار روایتی جوش وخروش سے منایا گیا۔ اس موقع پر ہتھیاروں کی پوجا کی گئی۔ تمام مندروں میں پوجا کرنے کیلیئے ہجوم دیکھا گیا۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے اپنے خاندان کے ساتھ حیدرآباد کے مختلف مندروں میں خصوصی پوجا کی۔ مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے کریم نگر میں خصوصی پوجا۔ ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی نتیش کمار ریڈی نے جوبلی ہلز میں پوجا کی۔ اسی دوران حکام نے دریائے کرشنا میں سیلاب کی سطح میں اضافہ ہونے کے انتباہ کے پیش نظر آج شام کنکا درگماں فیسٹیول کو منسوخ کردیا ہے۔

☆☆☆

ہندوستان اور بنگلہ دیش کا مقابلہ آج رات 7 بجے راجیو گاندھی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم، اپل میں تیسرے اور آخری ٹی 20 میچ میں ہوگا۔ اس میچ کے پیش نظر رچہ کونڈہ پولیس نے آج شام چار بجے سے 11.55 بجے شب کے درمیان ٹریفک پابندیاں عائد کردی ہیں۔ ورنگل قومی شاہراہ سے چنگی چرلا کی طرف آنے والی لاریاں، ڈمپر، آر ایم سی ٹرک واٹر ٹینکر جیسی بھاری گاڑیوں کو چنگی چرلا کراس روڈ چرلہ پلی این ایف سی روڈ کی طرف موڑ دیا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ ایل بی نگر سے ناگول آنے والی گاڑیوں کو ناگول میٹرو اسٹیشن سے ایچ ایم ڈی اے بوڈاپل چنگی چرلا کراس روڈس کی طرف موڑ دیا جارہا ہے اور ملاپور سے آنے والی بھاری گاڑیوں کو حشمی گوڑہ تا چرلہ پلی، چنگی چرلہ کی سمت موڑ دیا جارہا ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ کے وزیرٹرانسپورٹ  پونم پربھاکرنے واضح کیا ہے کہ ریاست میں ذاتوں کی مردم شماری کے بعد ہی ادارہ جات مقامی کے انتخابات منعقد کئے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ ذاتوں کی مردم شماری کا عمل 60 دنوں میں مکمل کرلیا جائے گا۔وجے دشمی کے موقع پرٹریفک قوانین پر عمل کرنے کے لئے تلنگانہ کے وزیرٹرانسپورٹ نے عوام کو حلف دلایا۔انہوں نے سدی پیٹ ضلع کے حسن آباد ٹاؤن میں یہ حلف دلایا جس کی ویڈیو سوشیل میڈیا پر تیزی کے ساتھ وائرل ہوگئی۔انہوں نے اس موقع پر کہا کہ تمام کوٹریفک قوانین پر عمل کرنا چاہیے،شراب پی کر گاڑی نہیں چلانی چاہیے،اور ہمیں اپنے جان کی حفاظت کے لیے،دوسروں کو نقصان پہنچائے بغیر،خود کی حفاظت کو یقینی بنانا چاہئے۔

☆☆☆

وجے دشمی کے دن کے موقع پر،مرکزی مملکتی داخلہ بنڈی سنجے نے ایک مستحکم سماج کی تعمیر کے لیے تمام کومل کر کام کرنے کی خواہش کی۔انہوں نے بی جے پی لیڈروں کے ساتھ تلنگانہ کے کریم نگر ضلع میں پوجا کی۔بعدازاں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے تمام  کووجے دشمی  کی مبارکباد دی۔  انہوں نے کہا کہ ہمیں خودغرضی کو چھوڑ کر ایک طاقتور معاشرہ کی تعمیر کے لیے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ہمیں ماضی میں ہونے والی اچھی اور بری چیزوں کا تقابل کرنا چاہئے اوراچھی چیزوں  کے لئے پرارتھنا کرنی چاہئے۔انہوں نے کہا کہ ہرکسی کو  اچھے خیالات رکھنا چاہئے۔وزیراعظم نریندرمودی کی قیادت میں طاقتورہندوستان کی تعمیر کے پروگرام بغیرکسی رکاوٹ کے کامیاب ہونے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ ہندوستان کووشوگروبنانے کی مودی کی کوششیں رنگ لائیں۔

☆☆☆

شہرحیدرآباد کی میئرگدوال وجے لکشمی نے دسہرہ تہوار کے موقع پرشہریوں کومبارکباد پیش کی۔انہوں نے کہا کہ دسہرہ کا تہوار ہندوستانی ثقافتی ورثہ کی علامت ہے،برائی پراچھائی کی فتح  کی علامت یہ دسہرہ تہوار ہے۔دسہرہ کے تہوار سے معاشرہ میں دوستی،اتحاد،امن اوراچھے اخلاق کوفروغ دینا چاہیے۔

☆☆☆

دسہرہ تہوارمنانے حیدرآباد کے مختلف علاقوں سے اپنے آبائی مقامات کو جانے والوں کی تعداد میں اضافہ کے سبب سڑکوں پر گاڑیوں کی تعداد میں اضافہ دیکھا جارہا ہے اوربعض مقامات پرٹریفک جام کی صورتحال بھی پیدا ہوگئی ہے۔حیدرآباد اور تلنگانہ کے مختلف علاقوں میں مقیم آندھرائی افراد اپنوں میں تہوارمنانے کے لئے پڑوسی ریاست اے پی جاتے ہیں جس کے نتیجہ میں ٹول پلازہ اور دیگرسڑکوں پر گاڑیوں کی تعداد میں غیرمعمولی اضافہ دیکھا جاتا ہے۔حیدرآباد۔وجئے واڑہ شاہراہ پربھی گاڑیوں کی کافی تعدادنظرآرہی ہے۔فاسٹ ٹیگ طریقہ کار پر گاڑیوں کی روانگی میں آسانی پیدا ہورہی ہے۔